© rasailojaraid.com



## ٹیر فنڈ (TEAR Fund) کیسے شروع ہوا؟

"ٹیر فنڈ" ۱۹۶۸ء میں ایو نجلیکل الائنس ریلیف فنڈ کے طور پر وجود میں آیا، تاہم اس کی داغ بیل ۱۹۶۰ء میں پڑی۔ ۱۹۶۰ء کو مہاجرین کا عالمی سال قرار دیا گیا تھا اور ایو نجلیکل الائنس کو اس وقت سے اپنے معاونین کی طرف سے مسلسل رقوم موصول ہوتی رہیں۔ ۱۹۶۷ء میں الائنس نے ایک جداگانہ امدادی اور ترقیاتی ایجنسی قائم کرنے کا فیصلہ کیا جو الائنس کے لیے ایک راہ عمل ہے۔ معاشیات کے ایک نوجوان گریجویٹ، ماری جین ڈفیلڈ نے بنیادی کام کیا۔

جب جارج ہوف مین ایو نجلیکل الائنس سے وابستہ ہوئے تو انہیں ایک فائل دی گئی جس پر درج تھا "ایو نجلیکل الائنس کا مہاجر فنڈ"۔ انھوں نے اپنی ساری توانائیاں اس پروجیکٹ کے لیے مخصوص کر دیں اور روابط استوار کرنے کی اپنی جملہ صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ انھوں نے اس فنڈ کو "ٹیر فنڈ" (TEAR Fund) کا نیا نام دیا جو The Evangelical Alliance Relief Fund کا مخفف ہے۔

پچھلے سال ٹیر فنڈ نے اپنی سلور جوبلی منائی ہے۔ ۱۹۹۰ء میں اس فنڈ سے ۱۱۶ ہمہ وقتی افراد پر مشتمل اسٹاف وابستہ تھا اور اس کا بجٹ ایک کروڑ ۴۴ لاکھ ۳۹ ہزار پونڈ تھا۔ یہ لوگ ارجنٹائن، بنگلہ دیش، برونڈی، قبرص، ملاوی، ملائشیا، نائجیریا، شمالی افریقہ، پاکستان، تنزانیہ، زائرے اور بعض دوسرے ممالک میں کام کر رہے ہیں۔

۱۹۶۹ء میں معروف گویا کلف رچرڈ اپنے نودریافت ایمان کے اظہار کی کوشش کر رہا تھا، اس نے ٹیر فنڈ کے لیے رائل البرٹ ہال (لندن) میں موسیقی کی دو محفلیں منعقد کیں۔ اس کے بعد کلف رچرڈ نے اس طرز کی مزید محفلوں کا اہتمام کیا اور فنڈ کا نائب صدر بن گیا۔ ۱۹۹۳ء تک کلف رچرڈ اسی ہزار پونڈ فنڈ کے لیے جمع کر چکا تھا۔



© rasailojaraid.com